**INTERNATIONAL INDIAN SCHOOL, RIYADH**

**Work Sheet- Summative Assessment -1**

**2015-2016**

SUBJECT: - URDU                                                            CLASSS:-IX

## سوالات کے جوابات لکھیے -

۱- عزت کے قابل کون ہیں ؟

۲- نظم میں "بلبلیں" اور "گلستاں" کے الفاظ کس کے لیے استعمال کیے گئے ہیں ؟

۳- نااتفاقی کو آزارِ جاں کیوں کہا گیا ہے ؟

۴- کامرانی کا راز کیا ہے ؟

۵- بہادر شاہ نے لاہوری دروازہ کیوں تڑوایا ؟

۶- مولا بخش کے پاس بچے کیوں آتے تھے ؟

۷- ہاتھی کی روٹی کیسی ہوتی تھی ؟

۸- مولا بخش نے کھانا کیوں بند کر دیا تھا ؟

۹- بادشاہ اور مولا بخش میں کون سی باتیں ملتی جلتی تھیں ؟

۱۰- گھونسلا دیکھ کر بچوں کے دل میں کیا خواہش پیدا ہوئی ؟

۱۱- گھونسلے تک پہنچنے کی کیشو نے کیا ترکیب کی ؟

۱۲- شیاما کو اپنے بھائی کیشو پر ترس کیوں نہیں آیا ؟

۱۳- پرندوں کے انڈوں کو کیوں نہیں چھونا چاہیے ؟

۱۴- گھونسلے سے زمین پر انڈے کس نے گرا دیئے اور کیوں ؟

۱۵- اوس کے قطرے پھولوں کی پتیوں پر کیسے لگتے ہیں ؟

۱۶- خدا کی مخلوق کس چیز سے ترو تازہ اور نہال ہوتی ہے ؟

۱۷- مصنف نے اوس کو قدرتِ ربّانی کا جلوہ کیوں کہا ہے ؟

۱۸- اوس کے بارے میں کون سی ضرب المثل مشہور ہے ؟

۱۹- لڑکی کے گاتے وقت کس طرح کا ماحول تھا ؟

۲۰ - لڑکی غمگین لے میں کیوں گا رہی تھی ؟

۲۱ - لڑکی کن چیزوں سے بے پروا ہو کر گا رہی تھی ؟

۲۲ - پانڈے کو گھنے بالوں سے کیا فائدہ ہوتا ہے ؟

۲۳ - کنگارو اپنے پیٹ پر بنی تھیلی سے کیا کام لیتا ہے ؟

۲۴ - کنگارو کی غذا کیا ہے ؟

۲۵ - پیٹ بھرنے کے بعد شیر کیا کرتا ہے ؟

۲۶ - چمپینزی کو گرمی کیوں ستاتی ہے ؟

۲۷ - حامد اور اُسکی بہن نے چڑیا گھر میں کون کون سے جانور دیکھے ؟

۲۸ - جانوروں کو بیماری سے بچانے کے لیئے کیا کیا جاتا ہے ؟

۲۹ - نظم کے پہلے بند میں بہادر بننے سے کیا مُراد ہے ؟

۳۰ - کسی سے گفتگو کرنے کے کیا آداب ہیں ؟

۳۱ - نظم میں علم کی اہمیت کس طرح ظاہر کی گئی ہے ؟

۳۲ - ڈاکوؤں نے دکان دار پر کیوں حملہ کیا ؟

۳۳ - دُکان دار کو گھوڑے کے دام کس طرح وصول ہوئے ؟

۳۴ - سائیس کے برتاؤ کی وجہ سے گھوڑے کو کیا کیا تکلیفیں اُٹھانی پڑیں ؟

۳۵ - اُونچے مکان میں گھنٹا کیوں لٹکایا گیا تھا ؟

۳۶ - گھوڑے نے گھنٹہ کس طرح بجایا ؟

۳۷ - تاجر کا چہرہ شرم سے کیوں سُرخ ہو گیا ؟

۳۸ - جنگلی جانوروں سے دور رہنا کیوں بہتر ہے ؟

۳۹ - شیر کس طرح کے جنگلوں میں رہتا ہے ؟

۴۰ - جنگل میں پائے جانے والے مشہور درختوں کے نام بتائیے ؟

۴۱ - جنگل کی زمین کس طرح زرخیز ہوتی رہتی ہے ؟

۴۲ - ناگ پھنی، ببول اور کانٹے دار پیڑ پودے ریگستان میں کیوں زیادہ ہوتے ہیں ؟

۴۳ - اگر جنگل زیادہ گھنے ہو جائیں تو اُنہیں کیا نقصان ہو سکتا ہے ؟

۴۴ - اگر جنگل نہ ہوتے تو ہمیں کون کون سی چیزیں نہیں ملتیں ؟

۴۵ - لوگ چوہوں کی شرارت سے کیوں تنگ آ گئے تھے ؟

۴۶ - چوہوں کو بھگانے کے لیے کون سی ترکیب نکالی گئی ؟

۴۷ - بانسری والے نے چوہوں کو بھگانے کے لیے کون سی شرط رکھی ؟

۴۸ - بانسری والے نے وعدہ پورا نہ ہونے پر کیا کیا ؟

۴۹ - نظم میں گھاس نے پودے سے کیا کہا ؟

۵۰ - پودے پر عنایت کی نظر ہونے سے کیا مُراد ہے ؟

۵۱ - پودے نے گھاس کی شکایت کو بے جا کیوں کہا ؟

۵۲ - دُنیا میں عزّت کا سہرا کس کے سر بندھتا ہے ؟

## لفظوں کے واحد اور جمع بنائیے -

۱ - اوروں ۲ - بُلبلیں ۳ - قومیں ۴ - نیکیاں

۵ - سوالات ۶ - موقع ۷ - تکلیف ۸ - خواہش

۹ - پرندے ۱۰ - چیز ۱۱ - جذبات ۱۲ - مشاہدہ

۱۳ - جلوے ۱۴ - خبر ۱۵ - گھٹائیں ۱۶ - بوند

۱۷ - احکام ۱۸ - تاجر ۱۹ - حقوق ۲۰ - مکان ۲۱ - شکایت

۲۲ - احسانات ۲۳ - جنگل ۲۴ - کہانیاں ۲۵ - جھاڑیاں

۲۶ - پرند ۲۷ - درند

## لفظوں کے متضاد لکھیے -

۱ - اتّفاق ۲ - آسان ۳ - آسماں ۴ - کامرانی

۵ - عزّت ۶ - بلند ۷ - غافل ۸ - بے قابو

۹ - سربلند ۱۰ - صبح ۱۱ - دھوپ ۱۲ - تکلیف

۱۳- سزا ۱۴- پاپ ۱۵- جواب ۱۶- سردی
۱۷- پسند ۱۸- سفید ۱۹- خوش ۲۰- بیمار ۲۱- مناسب
۲۲- وفادار ۲۳- نیک ۲۴- ظلم ۲۵- آرام ۲۶- حق
۲۷- دلچسپ ۲۸- نقصان ۲۹- کثرت ۳۰- روشنی
۳۱- آباد

## لفظوں کے مذکر اور مؤنث لکھیے۔

۱- امّاں ۲- چڑا ۳- بہن ۴- بچّہ ۵- بلّی
۶- شیر ۷- ہاتھی ۸- بندر ۹- اونٹ ۱۰- ہرن

## لفظوں اور محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

۱- آنکھ سے اوجھل ہونا ۲- ٹس سے مس نہ ہونا ۳- نظر بچانا
۴- اُدھیڑ بُن ۵- اندازہ ۶- برداشت ۷- یکایک
۸- ستیاناس ۹- چہرے کا رنگ اُڑ جانا ۱۰- بھیگی بلّی بننا
۱۱- ہوش سے اُڑ جانا ۱۲- رحم روکنا ۱۳- سدھ نہ رہنا ۱۴- اصل
۱۵- مخلوق ۱۶- عجیب و غریب ۱۷- عمل دخل ۱۸- کُھلے گُل
۱۹- وفادار ۲۰- بے چارہ ۲۱- حق دار ۲۲- ظلم
۲۳- فریادی ۲۴- احسان ۲۵- قصور ۲۶- عبادت
۲۷- تاجر ۲۸- حق مارنا ۲۹- چہرہ شرم سے سُرخ ہونا
۳۰- وار خالی دینا ۳۱- دلچسپ ۳۲- خوں خوار
۳۳- کثرت ۳۴- طور طریقے ۳۵- زرخیز
۳۶- شرارت ۳۷- برداشت ۳۸- ترکیب
۳۹- غار ۴۰- وعدہ ۴۱- قبول ۴۲- رقم

۴۳ - حیرانی ۴۴ - کمال ۴۵ - اتفاقاً ۴۶ - نفع

۴۷ - قیمتی ۴۸ - بیشتر ۴۹ - رفیق

## خالی جگہوں کو بھریئے -

۱ - مولا بخش چاروں گھٹنے ٹیک کر ______ سے باہر جاتا ہے -

۲ - فیل بان بخارا کے ______ تھے -

۳ - ایک روز مولا بخش نے مستی میں آ کر ______ کو مار ڈالا -

۴ - مولا بخش نے اُس بچے کو اپنی گردن پر ______ سے پکڑ کر بٹھا لیا -

۵ - کیشو دل میں ______ رہا تھا -

۶ - پانی کی پیالی بھی ایک طرف ______ پڑی ہے -

۷ - کیشو کے سر اُس کا ______ پڑے گا -

۸ - ______ نکل کر گھر سے اُڑ جائیں گے -

۹ - بابو جی ______ گئے ہوئے تھے -

۱۰ - تم آدمی ہو یہ ______ ہے -

۱۱ - سارا جنگل گھوڑوں کی ٹاپوں سے ______ رہا تھا -

۱۲ - اُس نے وفادار گھوڑے کو ساتھ لیا اور ______ لے آیا -

۱۳ - کچھ دنوں بعد غریب کی ______ جاتی رہیں -

۱۴ - مندر اور مسجد کے ______ میں ایک اُونچا مکان تھا -

۱۵ - کسی زمانے میں ______ مُلک میں بہت جنگل تھے -

۱۶ - اسی کے ______ سے وہاں کے پیڑ پودے اور جانور ہوتے ہیں -

۱۷ - ______ کی وجہ سے آب و ہوا اچھی رہتی ہے -

۱۸ - ہمارے مُلک میں کئی ______ کے جنگل ہیں -

۱۹ - جانوروں کو پہاڑ اُوپر ______ آجاتا ہے -

۲۰ - یہ پالنے میں سوئے ہوئے بچوں کو بھی ______ کھاتے ہیں -

۲۱- اُسی وقت بانسری کی ________ آواز سُنائی دی۔

۲۲- بانسری والا ________ پر کھڑا ہو جاتا ہے؟

۲۳- شکریہ بھائیو! آخر یہ ________ ٹل ہی گئی۔

۲۴- سارے شہر میں صرف ایک ہی ________ رہ گیا ہے۔

۲۵- مٹی اور پانی ________

۲۶- ________ یکساں ہے بنی

۲۷- ________ یوں سر ہلا

۲۸- گھاس! سب بے جا ________

## خلاصہ (تمام اسباق سے)

۱- نظم "ہندو مسلمان" میں شاعر تلوک چند محروم نے تمام قوموں کو کیا نصیحت کی ہے مکمل خلاصہ لکھیئے۔

۲- سبق "بہادر شاہ کا ہاتھی" میر باقر علی دہلوی نے کہانی کے ذریعے کس طرح ہمارا رُجحان جانوروں کی طرف کروایا ہے مکمل روشنی ڈالیئے۔

۳- سبق "نادان دوست" میں پریم چند نے کام کرنے کے طریقے اور دوستی پر روشنی ڈالی ہے مکمل خلاصہ سمجھ کر لکھیئے۔

۴- سبق "اوس" میں خواجہ حسن نظامی نے بتایا ہے کہ انسان اوس کی طرح قدرت کی پیدا کی ہوئی بہت سی چیزوں سے کام کی باتیں سیکھ سکتا ہے، آپ نے کیا سیکھا خلاصہ کے ذریعہ بتائیے۔

۵- نظم "ایک دیہاتی لڑکی کا گیت" اختر شیرانی نے کس طرح ایک لڑکی کے غم کا اظہار کیا ہے خلاصہ کے ذریعہ لکھیئے۔

۶- سبق "چڑیا گھر کی سیر" کے ذریعہ بتائیے کیا جانوروں میں بھی آزادی کا جذبہ پایا جاتا ہے یا صحت مند رہنے کی ضرورت ہوتی ہے

۷- نظم "بہادر بنو" میں سورج نرائن مہر نے کس طرح صداقت، محنت، ایمان داری اور لگن کے ساتھ علم حاصل کرنے کو بہادری بتایا ہے، اپنے خیالات کے ذریعے مکمل روشنی ڈالیے۔

۸- سبق "احسان کا بدلہ احسان" میں ڈاکٹر ذاکر حسین نے کس طرح احسان بھول جانے والوں کو نصیحت کی ہے خلاصہ کے ذریعے لکھیے۔

۹- سبق "جنگل کی زندگی" پر مکمل معلومات فراہم کیجئے کہ کس طرح ماحولیاتی توازن کو قائم رکھنے میں جنگلوں کی بڑی اہمیت ہے۔

۱۰- سبق "بانسری والا" کے ذریعے بتائیے وعدہ خلافی کا کیا انجام ہوتا ہے۔ مکمل خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

۱۱- نظم "ایک پودا اور گھاس" میں اسمٰعیل میرٹھی نے کس طرح سمجھایا ہے کہ دنیا میں سب برابر ہیں لیکن عمل اور نتیجے سے وقار یا مرتبے میں زیادتی اور کمی ہو جاتی ہے۔ آپ خلاصے کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

## تکمیلی کام

۱- ضمیر کسے کہتے ہیں مثال لکھتے ہوئے پانچ ایسے جملے لکھیے جس میں ضمیر کا استعمال کیا گیا ہو (سبق ۲)

۲- فعل مستقبل کی تعریف کیجئے اور پانچ جملے لکھیے (سبق ۳)

۳- حرف عطف کی تعریف کیجئے دو لفظوں کو ملانے والی کچھ مثالیں لکھیے (سبق ۵)

۴- مخمّس کی تعریف کیجئے (سبق ۷)

۵- نظم "ایک پودا اور گھاس" سے محاورے چن کر لکھیے۔ (سبق ۱۱)

کس نے کس سے کہا (سبق ۱۳) P.T.O

۱ - ذرا ہمیں دکھا دو بھیا، کتنے بڑے ہیں ؟
۲ - جا، دانہ اور پانی کی پیالی لے آ -
۳ - تم لوگوں نے انڈوں کو چھوا ہوگا -

## قواعد

۱ - واحد جمع ، متضاد الفاظ ، سابقہ لاحقہ ، مذکر مونث اور محاورے -
۲ - مضمون نگاری: (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل : ۱- مذہبی تہوار ، قومی تہوار ، سفر کے حالات ، پسندیدہ شخصیت ، میرے والدین اور یوم اساتذہ -
۳ - درخواست : فیس معافی ، سیکشن بدلنے اور شادی میں شرکت وغیرہ کی
۴ - خطوط : دوست ، بھائی اور والد وغیرہ کے نام -

## اقتباسات

۱ - درسی اقتباس (نثر)
۲ - درسی اقتباس (نظم)
۳ - غیر درسی اقتباس (نثر)
۴ - غیر درسی اقتباس (نظم)

نوٹ :- مندرجہ ذیل قواعد کی تمام مشقوں اور کتابی مشقوں کے علاوہ بھی سوالیہ پرچے میں پوچھا جاسکتا ہے -